© rasailojaraid.com






## حکیم محمد جمیل فیصل آبادی وفات پا گئے

مورخہ ۱۱ جون بروز بدھ شام ۷ بجے حکیم محمد جمیل صاحب فیصل آبادی طویل علالت کے بعد قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حکیم صاحب نے طبی تعلیم لاہور طبیہ کالج سے حاصل کی اور دینی تعلیم دار العلوم تقویۃ الاسلام شیش محل روڈ لاہور میں مولانا سید داؤد غزنوی مرحوم سے حاصل کی۔ اس کے بعد فیصل آباد میں سرکاری یونانی لیبارٹری کے انچارج مقرر ہو گئے۔ حکیم صاحب کے والد مولانا غلام اللہ صاحب امرتسری نے اپنی اولاد کی دینی تعلیم وتربیت کی خاطر جماعتی دانشگاہ جامعہ سلفیہ کے پڑوس میں رہائش اختیار کر لی۔ مرحوم حکیم محمد جمیل صاحب انتہائی نیک سیرت، متدین، صوم وصلاۃ کے پابند اور دریا دل انسان تھے۔ مرحوم کا گھرانہ مہمان نوازی میں بہت مشہور ہے۔

مرحوم کی نمازِ جنازہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں شیخ الحدیث مولانا عبدالعزیز علوی نے بڑے رقت آمیز انداز میں پڑھائی۔ نمازِ جنازہ سے قبل پرنسپل جامعہ سلفیہ چودھری محمد یاسین ظفر اور شیخ الحدیث صاحب نے حکیم صاحب کو پُر زور طریقے سے خراجِ تحسین پیش کیا۔ نمازِ جنازہ میں ہر مکتب فکر کے لوگوں کے علاوہ اکثر دینی مدارس کے اساتذہ وطلبہ نے کثیر تعداد میں شرکت فرمائی اور مرحوم کی بخشش کے لیے دل کی گہرائیوں سے دعا فرمائی۔ مرحوم کو سینکڑوں مداحین کی موجودگی میں جامعہ سلفیہ والے قبرستان میں سپردِ خاک کیا گیا۔

جامعہ سلفیہ کی انتظامیہ، اساتذہ، طلباء خصوصاً میاں نعیم الرحمٰن، چودھری یاسین ظفر، حافظ عبدالعزیز علوی، حافظ مسعود عالم، مولانا محمد یونس، مفتی عبدالحنان زاہد، حاجی بشیر احمد اور صوفی احمد دین نے ان کی وفات پر دلی صدمے کا اظہار کیا اور تمام لواحقین سے تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ نصیب فرمائے اور بشری لغزشوں کو معاف فرمائے۔ آمین



© rasailojaraid.com